13/06/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اشفاق امین

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریند رمودی آج سے فرانس اور SLOVAKIA کے چھ روزہ دورے پر روانہ ہو رہے ہیں ۔ یہ دورہ یورپی ممالک کے ساتھ بھارت کے اشتراک کو مزید مضبوط کرنے کی ایک کڑی ہو گا ۔

پہلے مرحلے میں وہ فرانس کے صدر Emanuel Macron سے باہمی میٹنگ کریں گے۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت شری امرناتھ جی یاترا کیلئے جانے والے یاتریوں کیلئے اعلیٰ درجے کی سکیورٹی کو یقینی بنانے اور انھیں یاترا کا ایک بلارکاوٹ تجربہ فراہم کرنے کے تئیں مکمل طور پر
پ

---

رعزم ہے۔±

شری امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے نئی دلی میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انھوں نے ہدایت دی کہ مرکزی مسلح پولیس فورسز، جموں و کشمیر پولیس اور تمام سکیورٹی ایجنسیوں کی مشترکہ کوششوں کے ساتھ یاترا کے پورے راستے پر ناقابل تسخیر کثیر سطحی سکیورٹی گرڈ کی تعمیر کی جائے۔ وزیر موصوف نے جدید نگرانی نظام کو وسیع پیمانے پر استعمال کرنے پر زور دیا۔ CCTV ٹیکنالوجی جیسے ڈرون اور

، قومی سلامتی کے مشیر اجیت دووال، جموں وکشمیر Dwivedi فوج کے سربراہ جنرل اُپیندر کے ڈائریکٹر جزلوں نے میٹنگ میں SSB اور CRPF، BSF، ITBP کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، شرکت کی۔

راجناتھ سنگھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے زور دے کر کہا ہے کہ آپریشن سندور کے دوران دیسی میزائل نظاموں کی غیرمعمولی کارکردگی بھارت کے دفاعی تحقیق و ترقی کے نظام کی بڑھتی ہوئی طاقت کا ثبوت ہے۔

سسٹم Weapon کی ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ لیبارٹری میں ایڈوانسڈ DRDO حیدرآباد میں کمپلیکس کا افتتاح کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ ڈی آر ڈی او کے تیار کردہ سسٹمز، جیسے آکاش اور براہموس، نے عالمی دفاعی ٹیکنالوجی کے نظام میں مقابلہ کرنے کی بھارت کی صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نئی دلی میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائڈو کے ساتھ الگ الگ ملاقات کر کے سرینگر بین الاقوامی ہوائی اڈے کو یکم سے K 16 اکتو بر تک مجوزہ طور بند کرنے پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔

عمر عبداللہ نے کہا کہ ان کی سرکار اس معاملے میں متبادل انتظام کرنے پر غور کر رہی ہے۔ یہ Resurfacing بات قابل ذکر ہے کہ سرینگر ہوائی اڈے پر رن وے کی از سرنو مرمت اور کےلئے رن وے کو16دن کےلئے بند کرنے کی تجویز رکھی گئی ہے۔

اس سے قبل وزیر اعلیٰ نے نئی دلی میں وزیر اعظم سے بھی ملاقات کی اور نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل میٹنگ میں بھی شرکت کی ۔

سکینہ اِیتو

تعلیم کی وزیر سکینہ اِیتو نے حکومت کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سرکاری اور نجی تعلیمی اِداروں کے مشترکہ تعاون سے ایک مضبوط، متحرک اور
مو

---

ثر تعلیمی نظام قائم کیا جائے گا۔

ا

---

نہوں نے کہا کہ اِنتظامیہ جموں و کشمیر کے طلباءکو معیاری تعلیم کی فراہمی اور نتائج میں ± بہتری لانے کے لئے وعدہ بند ہے۔وہ سول سیکرٹریٹ سرینگر میں جموں و کشمیر کالج ایسوسی ایشن کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کر رہی تھی B.Edپرائیویٹ

جس دوران جموں و کشمیر کے اساتذہ اور تعلیمی اداروں کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔

سیاح

کشمیر میں آج کل سیاحوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے ۔ ملک کی دیگر ریاستوں میں شدید گرمی کے پیش نظر وہ یہاں کے قدرے معتدل آب و ہوا سے لطف اندوز ہو رہے ہیں ۔

اس حوالے سے چند سیاحوں کے تاثرات ۔

-----------

NEET

مرکزی کابینہ کے سکریٹری ڈاکٹر ٹی وی سومناتھن نے نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کے ڈائریکٹر کے دوبارہ ہونے والے امتحان کی NEET جنرل ابھیشک سنگھ کے ساتھ ایک میٹنگ میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام متعلقہ طرفین کے درمیان آپسی تال میل کے ساتھ بلا رکاوٹ، شفاف اور محفوظ امتحان منعقد کئے جانے کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ سکریٹری کے دوبارہ منعقد NEET موصوف نے کہا کہ مرکزی حکومت، ریاستی سرکاریں اور ضلع انتظامیہ کئے جانے کو یقینی بنانے کی غرض سے مل کر کام کر رہے ہیں۔

کے امتحان کے دورانیہ میں 15 منٹ NEET-UG نے 21 جون کو منعقد ہونے والے NTA ادھر کا اضافہ کیا ہے اور اِسے 180 منٹ سے بڑھا کر 195 منٹ کردیا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ22 اعشاریہ3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ